# Chakwal Chamber of Commerce & Industry

1st Floor, Usmania Plaza, Rawalpindi Road, Chakwal

Tel: +92-543-551913-14, Fax: +92-543-551915, Email: theccci@hotmail.com

CCCI/12/ 83

March 28, 2023

## مجلس عاملہ اجلاس کی روداد

*************

چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی مجلس عاملہ کا چھٹا ماہانہ اجلاس 28 مارچ 2023 بروز منگل شام 05:00 بجے صدر چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری وقار ظفر بجناوری کی زیر صدارت مقامی ریسٹورنٹ، تلہ گنگ روڈ چکوال میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں موجود دیگر ارکان کے نام درج ذیل ہیں؛

### مجلس عاملہ ممبران

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گل حمید | عامر نجیب بھٹہ | غلام حر | چوہدری ثاقب عباس | نعمان افتخار | سہیل اختر | محمد اسحاق | شیخ ہارون |
| صائمہ مقصود ریپریزنٹیٹو (خواجہ عارف یوسف) | | | | | | | |

### رخصت

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عمر سمیع | محمد احمد فاروقی | ملک خالد حسین | | حاجی محمد ارشد |

تمام ایگزیکٹو ممبران نے گزشتہ ماہ ایگزیکٹو کمیٹی کی روداد کی منظوری دی۔ اجلاس میں سابقہ اجلاس سے موجودہ اجلاس تک وقوع پذیر ہونے والی تمام سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا۔ گزشتہ ماہ کی مالی معاملات کی رپورٹ پیش کی گئی تمام آمدن اور خرچہ جات کو درست قرار دیا گیا۔

### قرارداد 29

اجلاس میں تمام ارکان کی طرف سے متفقہ طور پر درج ذیل نئے ممبران کی رکنیت منظور کی گئی۔

| کاروبار کا نام | ممبر سازی نمبر | کاروبار کا نام | ممبر سازی نمبر |
|---|---|---|---|
| PAK OLIVES | AM-920 | HAIDER DREAM SELECTION | AM-919 |
| WASIF ENTERPRISE LIMITED | AM-922 | TAHIR SHAKEEL TRADERS | AM-921 |

Chakwal Chamber of Commerce & Industry

CamScanner

# Chakwal Chamber of Commerce & Industry

1st Floor, Usmania Plaza, Rawalpindi Road, Chakwal
+92-543-551913-14, Fax: +92-543-551915, Email: thecccl@hotmail.com


### قرارداد 30

چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ممبران کی رکنیت کی تجدید ہر سال یکم فروری سے 31 مارچ تک جاری رہتی ہے۔ صدر محترم کی جانب سے تمام مجلس عاملہ ممبران کو ہدایات جاری کی گئیں کہ اپنے ممبران کی رکنیت کی تجدید کرانے میں فعال کردار ادا کریں۔ مزید براں ہم سب ساتھ مل کر اس سال تجدید کے عمل کو گزشتہ سالوں سے بہتر اور مستحکم بنائیں گے۔

### قرارداد 31

چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا مقصد ایک مضبوط معیشت اور اعلیٰ معیاری زندگی کے حصول کیلئے صنعتوں، تجارتوں، تمام سطوں کی حکومتوں اور کمیونٹی تنظیموں کے ساتھ ایک فعال ورکنگ پارٹنرشپ کے ذریعے تاجر برادری کو سہولتیں فراہم کرنا ہے۔ اسی حوالے سے اجلاس میں تجویز پیش کی گئی کہ پاسپورٹ اور نادرا آفس سے درخواست کی جائے کہ وہ چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ممبران کو سروسز کیلئے خصوصی پروٹوکول دے۔ اجلاس مین موجود تمام ممبران نے اتفاق رائے کیا اور متفقہ طور پر اس بات کی منظوری دی۔ جنرل سیکریٹری چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کو ہدایت جاری کی کے وہ اس حوالے سے جلد از جلد متعلقہ ادارے کو خطوط ارسال کرے۔

### قرارداد 32

سٹاف عیدالاونسز کے بارے میں سب مجلس عاملہ ممبران سے رائے لی گئی، تاہم ریکارڈ کے مطابق ملازمین کو سال میں ایک تنخواہ اضافی طور پر دی جاتی رہی ہے۔ لہٰذا اکثریت رائے سے یہ طے پایا کہ گزشتہ سالوں کی پریکٹس کو امسال بھی بحال رکھا جائے اور ایک اضافی تنخواہ کو عیدین سے قبل برابر تقسیم کر کے ادا کیا جائے۔ صدر چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری وقار ظفر بختاوری نے کہا کہ اس سال سٹاف الاونسز ان کی طرف سے دیا جائے گا۔ اجلاس میں موجود تمام ممبران نے اتفاق رائے کیا اور متفقہ طور پر اس بات کی منظوری دی۔

### قرارداد 33

اجلاس میں تجویز پیش کی گئی کہ غیر ملکی ممالک کیلئے چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ممبران کے وفد کا دورہ منعقد کروانا چاہیئے۔ اس حوالے سے چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی برائے فارن افیئرز اقدامات کریں گے۔ اجلاس میں موجود تمام ممبران اتفاق رائے کیا اور متفقہ طور پر اس بات کی منظوری دی۔

### قرارداد 34

اجلاس میں تجویز دی گئی کہ چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ممبران کے واٹس ایپ گروپ کو اپ ڈیٹ کیا جائے۔ ان ایکٹو ممبران کیلئے الگ سے گروپ بنانا چاہیئے تا کہ وہ معزز ممبران بھی چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی اہم سرگرمیوں سے آگاہ رہیں۔ اجلاس میں تمام ممبران نے اتفاق رائے کیا اور متفقہ طور پر اس بات کی منظوری دی۔

Chamber of Commerce & Ind

CamScanner

# Chakwal Chamber of Commerce & Industry

1st Floor, Usmania Plaza, Rawalpindi Road, Chakwal

Tel: +92-543-551913-14, Fax: +92-543-551915, Email: theccci@hotmail.com


**اہم سرگرمیاں:**

- 30 مارچ 2023 بروز منگل چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد نے صدر وقار ظفر بخناوری کی قیادت میں کمشنر راولپنڈی سے انکے آفس میں ملاقات کی جس میں صدر وقار ظفر بخناوری اور گروپ لیڈر قاضی محمد اکبر نے چکوال کے مسائل اور بالخصوص تاجر برادری کے مسائل سے آگاہ کیا اسی ضمن میں کمشنر راولپنڈی نے ڈی سی چکوال کو خاص ہدایات جاری کیں۔ ڈی سی چکوال نے چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد کو اپنے آفس کے دورے کی دعوت دی۔
- 11 اپریل کو چکوال چیمبر کے وفد نے صدر وقار ظفر بخناوری کی زیر قیادت ڈی سی چکوال سے ملاقات کی۔ ڈپٹی کمشنر چکوال نے کمرشل نقشہ جات کے حوالے سے یقین دہانی کروائی کہ TMO Planner آچکے ہیں اور جلد از جلد جو نقشہ جات والی فائلز پڑی ہیں ان پر ضروری ایکشن لیا جائے گا۔ علاوہ ازیں کمشنر راولپنڈی نے ADCR چکوال کو ہدایت کی کہ چکوال شہر میں واقع مناسب جگہ کا انتخاب کر کے چکوال جم خانہ کلب کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ اس موقع پر گروپ لیڈر قاضی محمد اکبر سینیئر نائب صدر عمر سمیع نائب صدر احمد فاروقی سابق صدر خواجہ عارف یوسف اور سابق نائب صدر خالد مرزا بھی موجود تھے۔
- 28 اپریل 2023 بروز منگل اسلام آباد کے تاجر برداری کے وفد نے چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا۔ وفد میں محترم چوہدری مسعود صاحب (اونر آف ممتاز سٹی) محترم نوید ملک، محترم اشفاق چھٹہ، محترم فہیم اخون زادہ (سابق نائب صدر آف اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری) محترم چوہدری ندیم گجر (صدر ٹریڈنگ ایسوسی ایشن) محترم رانا قیصر (سابق ایگزیکٹو ممبر آف اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری) محترم عمران منہاس، محترم چوہدری مظہر شامل تھے۔ وقار ظفر بخناوری کو چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا صدر منتخب ہونے پر مبارک باد دی اور پھول پیش کئے۔ چکوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ایگزیکٹو ممبران اور سینئر ممبران نے ان کا پرجوش استقبال کیا۔

(وقار ظفر بخناوری)

صدر

Chakwal Chamber of Commerce & Industry

(سائرہ صدیق)

سیکریٹری جنرل

CamScanner